رسائل و مسائل

مسلمانوں کے گذشتہ کارناموں پر لٹریچر کی ضرورت

سوال: یہاں یورپ کی فضا میں رہتے ہوئے میں اس امر کی شدید ضرورت محسوس کرتا ہوں کہ ملت اسلام کے گذشتہ اعلیٰ کارناموں کی تحقیق کر کے انھیں سائنٹفک طرز پر پیش کیا جائے۔ ایسی چیزیں پڑھ کر ذہین لوگ بہت اچھا اثر لیتے ہیں۔ کیا آپ انگریزی اردو کی ایسی اچھی اچھی کتابوں کا پتہ دے سکتے ہیں، جنھیں یہاں استعمال کیا جا سکے۔ مثال کے طور پر میرے سامنے ایک کتاب Lagacy of islam ہے۔ میں نے اسے پسند کیا ہے، آپ نے اگر اسے دیکھا ہو تو اس کے متعلق رائے دیجیے۔

جواب: جس قسم کا مواد آپ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے گذشتہ کارناموں کے متعلق پیش کیا جائے وہ انگریزی میں تو صرف دو چار کتابوں میں جمع کیا گیا ہے، لیکن اردو اور عربی میں بکثرت کتابیں اس موضوع پر شائع ہو چکی ہیں۔ مصر و شام کے متعدد اہل قلم اور ہندوستان میں مولانا شبلی اور ان کے مکتب خیال کے لوگوں نے اس پر بہت کچھ لکھا ہے۔

Lagacy of islam میں جو کچھ لکھا ہے وہ اصل تصویر کو بہت کچھ گم کر کے اور بگاڑ کر پیش کرتا ہے اور خصوصیت کے ساتھ لفظ Lagacy تو نہایت ہی Mis-leading ہے۔ ان لوگوں کے نزدیک اسلام ایک گذری ہوئی چیز کا نام ہے جو حال پر اپنے کچھ نقوش چھوڑ گئی ہے۔ لیکن ہم اسلام کو صرف ماضی ہی کی نہیں، بلکہ حال کی اور اس سے بڑھ کر مستقبل کی چیز سمجھتے ہیں اور اس دعویٰ کو ثابت کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔